ادارہ

رخیم

مسافرانِ عدم

انا للہ وانا الیہ راجعون

صوفی غلام حسین مرحوم:

مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے قدیم کارکن محترم صوفی غلام حسین ۱۲ نومبر ۱۹۹۶ کو انتقال کرگئے۔ مرحوم مجلس احرار اسلام کے وفادار اور ایثار پیشہ کارکن تھے۔ وہ مجلس احرار اسلام سے وابستہ ہوئے تو پھر آخری دم تک اسی میں شامل رہے۔ نہایت دین دار اور ملنسار انسان تھے۔

چودھری عبدالستار مرحوم:

مجلس احرار اسلام ملتان کے نوجوان کارکن محترم چودھری عبدالستار گزشتہ دنوں دبئی میں انتقال کرگئے۔ وہ چند ماہ پہلے کاروبار کے سلسلہ میں دبئی گئے تھے انکے دماغ کی شریان پھٹ گئی اور وہ جانبر نہ ہوسکے۔ مرحوم انتہائی مخلص، اور خلیق انسان تھے۔ بحیثیت کارکن جماعت میں اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے سرانجام دیتے۔ ہمیشہ اسی کوشش میں رہتے کہ وہ کسی کے کام آجائیں۔ ایسے بہادر اور ذمہ دار کارکن جماعتوں میں خال خال ہی ملتے ہیں۔ ان میں بے پناہ جذبۂ خدمت خلق تھا۔ فی الحقیقت وہ اخلاص اور وفا و مروت کے پیکر تھے۔

مولانا محمد مغیرہ کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام کے مبلغ اور مسجد احرار، ربوہ کے خطیب مولانا محمد مغیرہ کی دادی صاحبہ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئیں۔

محترم چودھری حاکم علی مرحوم:

مجلس احرار اسلام لاہور کے قدیم کارکن محترم چودھری حاکم علی دو ماہ قبل لاہور میں انتقال کرگئے۔ ان کی عمر نوے سے متجاوز تھی اور وہ مزنگ کے علاقہ میں مقیم تھے۔ قیام پاکستان سے قبل مجلس احرار اسلام سے وابستہ ہوئے اور آخر دم تک احرار میں ہی شامل رہے۔ وہ حضرت مولانا عنایت اللہ چشتی رحمۃ اللہ علیہ (مبلغ احرار، قادیان ۱۹۳۴) کے جگری دوستوں میں سے تھے۔ پنجابی شاعری کا بہت مطالعہ تھا۔ سینکڑوں اشعار، دوہے، ماہیئے ازبر تھے۔ انہوں نے اپنے پاس موجود تقسیم ہند سے قبل کا اخباری ریکارڈ کمال شفقت و مہربانی سے مدیر نقیب ختم نبوت کے سپرد کردیا تھا۔ مرحوم پابند صوم و صلوٰۃ اور نیک سیرت انسان تھے۔

محترم حکیم محمود احمد ظفر کی والدہ ماجدہ کی رحلت:

نقیبِ ختم نبوت کے رفیقِ فکر محترم حکیم محمود احمد ظفر صاحب کی والدہ ماجدہ ۲۵ نومبر کو رحلت فرما گئیں۔

محترم محمد یعقوب مغل کو صدمہ:

میلسی سے ہمارے رفیق محترم محمد یعقوب مُغل کے ماموں (محمد اقبال، سی بلاک وہاڑی) ۱۲ نومبر کو انتقال کر گئے۔

محترم اکرام الحق سرشار کو صدمہ:

چیچہ وطنی سے ہمارے مہربان اور معروف شاعر محترم اکرام الحق سرشار کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔

محترم غلام سرور صاحب کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام جکڑالہ ضلع میانوالی کے کارکن محترم غلام سرور صاحب کا نومولود بیٹا محمد صہیب ۱۳ نومبر کو انتقال کر گیا۔

شیخ گلزار احمد صاحب کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن محترم شیخ بشیر احمد صاحب کے ماموں زاد اور محترم شیخ گلزار احمد صاحب کی خوشدامن صاحبہ گزشتہ دنوں ملتان میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔

قاری محمد یوسف احرار کو صدمہ:

قاری محمد یوسف احرار (سابق ناظم دفتر مرکزیہ ملتان) کا بھتیجا اور مولانا محمد اسماعیل ساکن بستی پروچڑاں ضلع رحیم یار خاں (سابق ناظم دفتر مرکزیہ ملتان) کا جواں سال بیٹا محمد عابد مؤرخہ ۷ نومبر ۱۹۹۶ء بروز جمعرات، خان پور سے اپنے گاؤں پروچڑاں آتے ہوئے کار اور ٹرالی کے تصادم میں جاں بحق ہو گیا۔ محمد عابد کی عمر بائیس سال تھی اور گزشتہ سال اس کی شادی ہوئی تھی۔ بیس روز قبل اللہ تعالیٰ نے اس کو بچی عطا فرمائی تھی۔ ان کی نمازِ جنازہ مولانا مطیع الرحمن درخواستی نے پڑھائی۔

قارئین اور رفقاء کرام سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لئے دعا مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر عطاء فرمائے (آمین) اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں اور مسافرانِ عدم کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔

دعا صحت

مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالہ کے امیر جناب عبدالرحمن جامی نقشبندی کی والدہ ماجدہ علیل ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ ان کی شفایابی کے لئے خصوصی دعاؤں کا اہتمام فرمائیں۔